تبصرے

خاص نمبر

جمہور صدر یار جنگ نمبر مقام اشاعت علی گڈھ
بڑی تقطیع ۳۰×۲۰ ضخامت ۹۶ صفحات قیمت دو روپے۔

روزنامہ جمہور کا شمار ہندوستان کے سنجیدہ اخباروں میں ہے جس کو اس کے فاضل مدیر مولانا عبدالشاہد خانصاحب شیروانی بڑی محنت اور سلیقے سے ترتیب دیتے ہیں، شاہد صاحب کے قلم میں سنجیدگی بھی ہے اور زندگی بھی اور اب چونکہ نواب صدر یار جنگ کے پوتے ریاض الرحمٰن خانصاحب ایم۔ اے بھی ان کے شریکِ قلم ہوگئے ہیں اسلئے اس زندگی میں اور بھی تازگی اور بالیدگی محسوس ہوتی ہے۔

صدر یار جنگ نمبر اسی پرچے کی اشاعتِ خاص ہے جس میں نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمٰن خانصاحب شیروانی مرحوم کے حالاتِ زندگی، ان کی علمی، مذہبی، اخلاقی اور تہذیبی خصوصیات اور ان کے ذوقِ علم و علم پروری و علم نوازی کے ایک ایک پہلو کو ایک خاص سلیقے سے اجاگر کیا گیا ہے اور اس دور میں جس قدر معلوماتی مضمون مرحوم کے متعلق فراہم کئے جاسکتے تھے کئے گئے ہیں، مضمون نگاروں میں قدیم و جدید دونوں اسکولوں کے اربابِ قلم شامل ہیں، اسلئے یہ نمبر نواب صاحب جیسی جامع الصفات شخصیت کے کمالات اور فضائلِ اخلاق کا ایک دلکش مرقع بنگیا ہے اور اہلِ ذوق کے مطالعہ کے لائق ہے (ع)

پرچم تعزیت نمبر مقام اشاعت مکتبۂ پرچم، پرچم اسٹریٹ حسن علی آفندی روڈ کراچی، ضخامت ۲۲۶ صفحات، قیمت عہ، کتابت، طباعت بہتر، کاغذ معمولی

مولانا سیماب مرحوم کے مشہور رسالے ماہنامہ "پرچم" کا یہ تعزیت نمبر مرحوم کی یاد میں مرتب کیا گیا ہے،